| | |
|---|---|
| الشیخ حافظ عبید الرحمن مدنی | نائب ناظم اعلیٰ جامعہ دار العلوم بلتستان غواڑی |
| الشیخ یوسف سالک | ناظم مالیات |
| الشیخ ایوب غلام | نائب ناظم مالیات |
| الشیخ ثناء اللہ عبد الرحیم | ناظم تعلیمات |
| الشیخ فیض اللہ عبد الصمد | نائب ناظم تعلیمات |
| الشیخ محمد ابراہیم خان | ناظم دعوت و تبلیغ |

اللہ سے دعا ہے کہ نئی انتظامیہ کو عزم و ولولہ اور خلوص دل کے ساتھ مسلک حقہ کی بے لوث خدمت کرنے، کتاب و سنت کی آبیاری کرنے اور تن من دھن کے ساتھ امور جماعت چلانے کی توفیق دے۔

| | |
|---|---|
| 28 -7 -10 | بلتستان میں سیلاب آیا، جس سے بہت ساری زرعی زمینیں دریا برد ہو گئیں، لوگوں کے مکانات تلف ہوئے اور کافی مالی و جانی نقصانات کا سامنا ہوا۔ جامعہ ہذا کے برانچ مدارس کے کئی اساتذہ کو بھی شدید مالی نقصان پہنچا۔ زرعی پانی کی عدم دستیابی سے بہت سے لوگوں کی فصلیں بھی تباہ ہوئیں۔ |
| 02 - 8 - 10 | مدینہ یونیورسٹی میں جامعہ ہذا کے درج ذیل دس فارغ التحصیل طلباء کو داخلہ ملا: حافظ زاہد حسین سعید، ثناء اللہ عبد الغفور، حبیب اللہ موسیٰ، عارف اللہ ابراہیم، عبد الرشید عبد السلام، عبد اللہ عبد الرحیم، یحییٰ علیم اللہ، ... فردوس جمال، محی الدین کاظم، اور عبید الرحمن عطاء الرحمن۔ امسال مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ کا شرف حاصل کرنے والے پاکستانی طلباء کی کل تعداد 68 ہے۔ ہم ان تمام طلباء کو اس غیر معمولی عز و شرف پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ محنت و جانفشانی کے ساتھ تعلیم حاصل کر کے اپنی مادر علمی اور وطن عزیز کے لیے باعث فخر سپوت بنیں گے۔ |
| 10 - 8 - 10 | امسال سے عبادت گزاری اور دعوت و تبلیغ کے حوالے سے ماہ رمضان المبارک کی چھٹی ہونے لگی۔ |

© rasailojaraid.com